بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ والمنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منّان تحفہ عجائب وہدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعہ صلوات الرسول

الجزء الاول

فی نورہٖ وظہورہٖ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ عبد الرحمن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور

صوبۂ سرحد پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ

اللہ کے نام کی برکت سے جو سب ناموں سے بہتر اور افضل ہے۔ اللہ زمین کے مالک اور آسمان کے مالک کے نام کی برکت سے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى

اللہ کے نام کی برکت سے جس کے نام کی بدولت ضرر نہیں دیتی زمین کی کوئی شئے اور نہ کوئی

السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ تَوَاضَعَتْ لَهٗ

شئے آسمان کی۔ اور وہی سننے جاننے والا ہے۔ اللہ کے نام کی برکت سے جس کے لیے جھکی ہیں

الرِّقَابُ وَبِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ خَافَتْ مِنْهُ الْقُلُوْبُ وَبِسْمِ اللّٰهِ

سب گردنیں۔ اور اللہ کے نام کی برکت سے کہ خوف زدہ ہیں اس سے سب کے دل۔ اللہ کے نام کی برکت سے

الَّذِىْ نَفَّسَ عَنْ دَاوٗدَ كُرْبَتَهٗ وَبِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ قَالَ لِلنَّارِ

جس نے دور فرمائی داؤد علیہ السّلام سے ان کی تنگی۔ اور اللہ کے نام برکت سے جس نے فرمایا آگ کو

كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَبِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ مَلَاَ الْاَرْكَانَ

ہو جا سراسر ٹھنڈک اور سلامتی ابراہیم علیہ السلام پر۔ اور اللہ کے نام کی برکت سے جس نے (برکات سے) بھرپور فرمائے ارکان

كُلَّهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِحُرْمَةِ

اور اجزائے عالم تمام اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ساتھ حق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اور ساتھ حرمت وعزت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم کے اور ساتھ فضیلت بسم اللہ الرّحمٰن الرحیم کے

وَبِعَظَمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِجَلَالِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

اور ساتھ عظمت بسم اللہ الرّحمٰن الرحیم کے اور بدولت جلال بسم اللہ الرّحمٰن

الرَّحِيْمِ وَبِجَمَالِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِهَيْبَةِ بِسْمِ

الرحیم کے۔ اور بطفیل جمال بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور بوسیلہ ہیبت بسم

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِمَنْزِلَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
الله الرحمٰن الرحیم کے۔ اور ساتھ برکت منزلت اور مرتبۂ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے

وَبِمَلَكُوْتِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِجَبَرُوْتِ بِسْمِ
اور بطفیل پادشاہی اور مملکت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور ساتھ اعانت جبروت وتسلط بسم

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِكِبْرِيَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور ساتھ برکت بڑائی اور بزرگی بسم اللہ الرحمٰن

الرَّحِيْمِ وَبِثَنَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِبَهَآءِ
الرحیم کے۔ اور بدولت ثناء و تعریف کے جو بسم اللہ الرحیم میں ہے۔ اور ساتھ برکت اس رونق وبہار کے جو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِكَرَامَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے۔ اور ساتھ برکت اور وسیلہ اس بزرگی و برتری کے جو بسم اللہ الرحمٰن

الرَّحِيْمِ وَبِسُلْطَانِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِبَرَكَةِ بِسْمِ اللّٰهِ
الرحیم میں ہے۔ اور ساتھ اعانت تسلط اور غلبۂ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور بوسیلہ برکت کے جو بسم اللہ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِعِزَّةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِقُوَّةِ
الرحمٰن الرحیم میں ہے۔ اور بوسیلہ عزّت و غلبہ کے جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے اور بطفیل قوّت کے جو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِقُدْرَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے۔ اور باعانت اس قدرت کے جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے

اِرْفَعْ قَدْرِيْ وَاشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ وَارْزُقْنِيْ مِنْ
بلند فرما میری قدر و منزلت اور کشادہ فرما میرے لیے میرے قلب اور سینہ کو اور آسان فرما میرے لیے میرے امور اور مجھے عطا فرما

حَيْثُ لَا اَحْتَسِبُ بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ يَا مَنْ هُوَ كٓهٰيٰعٓصٓ
جہاں سے وہم وگمان بھی (رزق آنے کا) نہ کیا جاسکتا ہو بطفیل اپنے فضل اور کرم کے اے وہ ذات جس کی شان ہے کھیعص

حٰمٓ عٓسٓقٓ وَاَسْئَلُكَ بِجَمَالِ الْعِزَّةِ وَجَلَالِ الْهَيْبَةِ وَجَبَرُوْتِ
حٰم عسق اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بوسیلہ تیرے جمال عزّت کے اور جلال ہیبت کے اور غلبۂ وسطوت

الْعَظَمَةِ اَنْ تَجْعَلَنِيْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ
عظمت کے کہ تو بنا دے مجھے اپنے بندگان نیک سے کسی قسم کا خوف نہیں ہے

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَاَنْ
ان پر۔ اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے بطفیل اپنی رحمت کے اے سب رحمت کرنے والوں سے زیادہ رحمت والے اور یہ کہ

تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ لِيْ كَذَا
رحمت نازل فرمائے ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل پر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور بنا میرے لیے بھی ایسی

وَّكَذَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
رحمت اور ایسی ہی برکت۔ اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت سے جو بہت رحم کرنیوالا مہربان ہے۔ سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو پرورش کرنے والا سب

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ
جہانوں کا ہے۔ بہت رحم کرنے والا مہربان ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔ اے ان صفات کمال کے مالک تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے

نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
استطاعت وقوت طلب کرتے ہیں۔ تو ہمیں چلا راہ راست پر ان لوگوں کے راستہ پر جنہیں تونے مخصوص انعامات سے نوازا

عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ سُبْحَانَكَ
جو نہ تیرے غضب میں گھرے اور نہ راہ راست سے بھٹکے ہیں۔ پاکیزہ اور منزہ ہے تو

لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اَللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ بِاِخْلَادِ الْحَمْدِ حَمْدًا كَثِيْرًا
نہیں علم ہمارے لیے مگر وہ جو تونے ہمیں بتلایا اے اللہ اور ہم تیری حمد کے ساتھ (مشغول ہیں) اسے دائم اور برقرار رکھنے کے لیے کہ بہت زیادہ

طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ بِاَمْرِكَ وَتَكُوْنُ بِوُجُوْدِكَ وَبَرَكَةٍ مِّنْكَ وَتَبَارَكَ
ہو اور پاکیزہ و بابرکت بھی ہو تیرے امر سے اور تیرے ابدی اور سرمدی وجود سے متعلق ہو اور تیری عطا کردہ برکت کی بدولت ہو اور بابرکت ہے

اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ بِجَدِّ جَدٍّ وَّلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ بِكَ اٰمَنَّا وَلَكَ
نام تیرا اور بلند مرتبت ہے تیری بزرگی جو بڑائی کی انتہا پر ہے۔ اور عبادت کے لائق نہیں سوا تیرے۔ تیرے ساتھ ہی ہم ایمان لائے اور تیرے

اَسْلَمْنَا وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا حَقِّقْنَا اَللّٰهُمَّ بِنُوْرِكَ يَا مَالِكَ يَوْمِ
لیے ہی طاعت گزار ہوئے اور تجھ پر ہی اعتماد اور بھروسہ کیا ہم نے۔ اے اللہ ہمیں اپنے نور کے ساتھ منور کرکے برقرار رکھ اے روز قیامت کے

الدِّيْنِ وَنَوِّرْ بَصَائِرَنَا بِنُوْرِكَ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ

مالک۔ اور ہماری قلبی نگاہوں کو منوّر فرما اپنے نور خاص کے ساتھ اے انوار کو منور کرنیوالے اے گمراہوں اور گمراہ کرنے والوں کے ہادی و رہنما

لَا هَادِيَ غَيْرُكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَغْنِنَا عَنْ غَيْرِكَ يَا غَنِيُّ الرَّحْمٰنِ

نہیں کوئی ہدایت دینے والا سوا تیرے۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پروردگار سب جہانوں کا ہے مجھے اپنی ذات کے طفیل ماسوا سے بے نیاز کر اے بے نیاز

الرَّحِيْمِ شُهُوْدُ ذَاتِكَ يَا قَرِيْبُ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ

رحمٰن رحیم۔ تیرا شہود ذات (مطلوب ہمارا ہے) اے (ہماری جانوں سے) اقریب۔ سلام ہے رب رحیم کی طرف سے کہا ہوا جو مالک ہے روز قیامت کا

الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ

اے صفات کمال والے تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی ہر قسم کی مدد طلب کرتے ہیں۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

فِيْ حَقَائِقِ مَحْضِ التَّخْصِيْصِ وَبِاَنَّكَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مِّنْ اَحْوَالِ

تیری اس شان کے صدقے سے کہ تو ہی اللہ ہے جس کا ظہور تشخصات مخصوصہ کے حقائق میں ہے۔ اور اس شان کے طفیل کہ تو مخلوق کے تمام احوال

الْجِدِّ وَالتَّعْدِيْلِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ بِخَصَائِصِ الْاَحَدِيَّةِ وَالصَّمَدِيَّةِ

حقیقی اور عزم کامل اور ان میں موزونیت وتناسب (پیدا کرنے) پر غالب و قادر ہے اور بوسیلہ اس امر کے کہ تو احدیت وصمدیت کے خصائص

عَنِ الضِّدِّ وَالنِّدِّ وَالنَّقِيْضِ وَالنَّظِيْرِ وَالظَّهِيْرِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ الَّذِيْ

کے ساتھ متصف ہو کر مقدس و پاکیزہ ہے مدمقابل اور مخالف سے معاند اور مماثل سے اور مناسب و مددگار سے اور اس شان کے طفیل کہ تو ہی وہ ذات ہے

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ بِحَقِّ

جس کی مثل کوئی نہیں ہے اور اسی شان امتیازی والا ہی سننے جاننے والا ہے کہ تو میری حاجت کو پورا کرے صدقے میں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ لَا

اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم کے اے اللہ نہ

تَجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاجْعَلْنَا مِنَ

بنا ہمیں ان لوگوں سے جو رسوا ہیں حیات دُنیا اور آخرت میں اور بنا ہمیں

الَّذِيْنَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنَا

ان لوگوں سے جن پر غضب نہیں کیا گیا اور نہ وہ گم گشتگانِ راہ ہدیٰ ہیں۔ آمین۔ اے اللہ نہ بنا ہمیں

ضَآلِّيْنَ وَلَا مُضَآلِّيْنَ وَلَا عَنْ بَابِكَ مَطْرُوْدِيْنَ وَلَا مِنْ وَّجْهِكَ اٰئِسِيْنَ

بذاتِ خود گمراہ ہونے والے اور نہ گمراہ کئے ہوئے۔ اور نہ اپنے در سے ہانکے ہوئے اور نہ اپنے دیدار ذات سے ناامید

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ

الٓمّٓ۔ وہ عظیم الشان کتاب جو شک کے لائق نہیں ہے سراسر ہدایت ہے تقوٰی کی طرف مائل لوگوں کیلئے جو ایمان لاتے ہیں غیب کے ساتھ

وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ

اور قائم کرتے ہیں نماز کو اور ہمارے دئے سے بعض کو ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں اور جو ایمان لاتے ہیں ساتھ اس کے جو نازل کیا گیا

اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى

آپ کی طرف اور جو اُتارا گیا آپ سے پہلے، اور آخرت کے ساتھ وہی یقین رکھنے والے ہیں۔ وہی لوگ ثابت قدم ہیں اس ہدایت

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ هُوَ

پر جو ان کے رب کی طرف سے ہے اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔ اللہ کے نام کی برکت سے جو بہت مہربان رحم فرمانے والا ہے

اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ

وہی اللہ ہے کہ کوئی معبود برحق نہیں مگر وہی جو رحمٰن رحیم ہے بادشاہ۔ پاکیزہ ومنزہ۔ سراسر سلامتی۔ ایمان دینے والا

الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

نگہبان۔ غالب۔ جبار۔ بڑائی کا ظاہر کرنے والا۔ وجود بخشنے والا۔ تمناسب انداز میں پیدا کرنے والا مختلف صور و اشکال میں ڈھالنے والا

الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ

بخشنے والا۔ قہر وجلال والا۔ گوناگوں نعمتیں بلاعوض دینے والا ہے۔ بہت زیادہ روزی رساں۔ مشکلات حل کرنے والا۔ ظاہر وباطن کا جاننے والا (رزق میں) کمی کرنیوالا۔ کشادگی

الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ الْحَكَمُ

اور فراخی کا مالک۔ پستی میں گرانے والا۔ بلندی پر لیجانے والا۔ عزت دینے والا۔ قعر مذلت میں گرانے والا۔ ہر ایک کی سننے والا۔ سب کو دیکھنے والا۔ حکم نافذ کرنے والا۔

الْعَدْلُ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْحَلِيْمُ الْعَظِيْمُ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ

عدل فرمانے والا۔ مخلوق کی نگاہوں سے بالاتر اور سب کی خبر رکھنے والا۔ حلم والا۔ عظمت کا مالک۔ بہت زیادہ بخشش فرمانے والا۔ شکر کی جزا دینے والا۔

الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ الْحَفِيْظُ الْمُقِيْتُ الْحَسِيْبُ الْجَلِيْلُ الْكَرِيْمُ

بلند شان۔ کبریائی والا۔ بہت حفاظت فرمانے والا۔ روزی مہیا کرنے والا۔ حساب لینے والا۔ جلالت و بزرگی کا مالک۔ صاحب جود و کرم

اَلرَّقِیْبُ الْمُجِیْبُ الْوَاسِعُ الْحَکِیْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِیْدُ الْبَاعِثُ

نگہبانی کرنے والا۔ دُعایئں قبول کرنے والا۔ ہر شَی کا احاطہ کرنے والا۔ حکمت ودانائی والا۔ محبّت رکھنے والا۔ بزرگ۔ مردوں کو اٹھانے والا۔

اَلشَّھِیْدُ الْحَقُّ الْوَکِیْلُ الْقَوِیُّ الْمَتِیْنُ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ الْمُحْصِیْ

مشاہدہ کرنے والا۔ موجودِ حقیقی۔ کارسازِ حقیقی قوّت کا مالک۔ شدید قوت والا۔ ناصرومددگار۔ لائق حمدوثناء شمار کرنے والا۔

اَلْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ الْمُحْیِیْ الْمُمِیْتُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ

آغاز کرنے والا۔ لوٹانے والا۔ حیات بخشنے والا۔ مارنے والا۔ بذات خود زندہ دوسروں کو قائم وبرپا رکھنے والا۔ ذاتی وجود والا۔ صاحب مجد۔

اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْاَوَّلُ

اکیلا۔ یکتا۔ بے نیاز۔ صاحب قدرت۔ مالک اقتدار۔ آگے بڑھانے والا۔ پیچھے ہٹانے والا۔ سب سے پہلے موجود

اَلْاٰخِرُ الظَّاھِرُ الْبَاطِنُ الْوَالِیْ الْمُتَعَالِیْ الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْعِمُ

سب کے بعد بھی موجود۔ بے حجاب وبے پردہ آثار قدرت کے لحاظ سے۔ نگاہہائے خلق سے بالاتر کنہ ذات کے لحاظ سے۔ مالک۔ بلند مرتبت۔ نکوکار۔ توبہ کی بہت توفیق دینے

اَلْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّءُوْفُ مَالِكُ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

والا۔ نعمتیں عطا کرنیوالا۔ انتقام اور بدلہ لینے والا۔ عفوو درگزر کرنے والا۔ رأفت ورحمت فرمانے والا۔ ملک کائنات کا مالک۔ جلالت وعزت والا۔

اَلْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِیُّ الْمُغْنِیْ الْمُعْطِیْ الْمَانِعُ الضَّآرُّ النَّافِعُ

عدل کرنے والا۔ قیامت کے دن جمع کرنے والا۔ مستغنی اور بے پروا۔ بے پرواکرنیوالا۔ عطاکرنیوالا۔ روکنے والا۔ ضرر ونقصان کا مالک۔ فائدہ اور منفعت پہنچانے والا۔

اَلنُّوْرُ الْھَادِیْ الْبَدِیْعُ الْبَاقِیْ الْوَارِثُ الرَّشِیْدُ الصَّبُوْرُ

نور۔ ہدایت دینے والا۔ انوکھی ایجادوں والا۔ ہمیشہ رہنے والا۔ وارث۔ سیدھی راہ والا۔ بہت زیادہ حلم اور برداشت والا۔

اَلصَّادِقُ الرَّبُّ الْاَکْرَمُ الْاَعْلٰی الْحَافِظُ الْخَلَّاقُ السَّاتِرُ

سچائی والا۔ پالنے والا۔ عزّت وکرامت والا۔ بہت بلند مراتب والا۔ حفاظت فرمانے والا۔ بہت زیادہ پیدا کرنے والا۔ پردہ پوشی کرنے والا

اَلسَّتَّارُ الشَّاکِرُ الْعَادِلُ الْعَالِمُ الْعَلَّامُ الْغَالِبُ النَّاظِرُ

بہت زیادہ پردہ دینے والا۔ جزائے شکر دینے والا۔ عدل والا۔ علم والا۔ بہت زیادہ علم رکھنے والا۔ غالب۔ دیکھنے والا۔

اَلْفَارِقُ الْقَدِیْرُ الْقَرِیْبُ الْقَاھِرُ الْکَفِیْلُ الْکَافِیْ الْمُنِیْرُ

جدا کرنے والا۔ دائمی قدرت والا۔ سب سے نزدیک۔ قہر والا۔ کفالت فرمانے والا۔ کفایت کرنے والا۔ نورانی بنانے والا۔

اَلْمُحِیْطُ الْمَلِكُ الْمَوْلٰی النَّصِیْرُ اَحْکَمُ الْحَاکِمِیْنَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ اَحْسَنُ

سب کا احاطہ کرنے والا۔ بادشاہ۔ محبوب۔ بہت مددگار۔ سب حاکموں سے بڑا حاکم۔ سب رحم کرنے والوں سے بڑا رحم کرنیوالا۔ سب سے بہتر

الْخَالِقِیْنَ ذُوالْفَضْلِ ذُوالطَّوْلِ ذُوالْقُوَّۃِ ذُوالْمَعَارِجِ ذُوالْعَرْشِ

خالق۔ فضل وکمال والا۔ قوت وطاقت والا۔ قوّت والا۔ بلندیوں والا۔ عرش کا مالک۔

رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ غَافِرُ الذَّنْبِ وَقَابِلُ التَّوْبِ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ مُخْرِجُ

بلند درجات والا۔ گناہ بخشنے والا۔ قبول کرنے والا توبہ کا۔ اپنے ارادوں کو عملی جامہ پہنانے والا۔ برآمد کرنے والا۔

الْحَیِّ مِنَ الْمَیِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَیِّتِ مِنَ الْحَیِّ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ الْمُغِیْثُ

زندہ کو مردہ سے۔ اور برآمد کرنے والا مردہ کو زندہ سے۔ مہربان احسان کرنے والا۔ فریادرس۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی

اے اللہ تو ہی میرا پروردگار ہے نہیں معبود برحق مگر تو ہی۔ تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا عبد ہوں اور میں قائم ہوں

عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ

تیرے عہدوپیمان اور وعدہ پر جہاں تک مجھ سے ممکن ہوگا اور پناہ پکڑتا ہوں تیری ذات کے ساتھ اس کے شر سے جو میں نے کمایا میں اقرار کرتا ہوں

لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِیْعًا فَاِنَّہٗ لَا

تیرے لیے تیری نعمتوں کا جو مجھ پر ہیں۔ اور اقرار کرتا ہوں اپنے گناہوں کا پس بخش دے میرے لیے میرے تمام کے تمام گناہ۔ کیونکہ حقیقت یہی ہے کہ نہیں

یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ یَآ اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا مَالِكُ یَا قُدُّوْسُ

بخشتا گناہوں کو مگر تو ہی۔ اے اللہ۔ اے رحمٰن۔ اے رحیم۔ اے شہنشاہ۔ اے انتہائی پاکیزہ۔

یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ یَا مُھَیْمِنُ یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا خَالِقُ

اے سلامتی مہیّا کرنے والے۔ اے امن وایمان دینے والے۔ اے نگہبان۔ اے عزّت وغلبہ کے مالک۔ اے جبر کے حقداروں پر جبر کرنیوالے۔ اے بڑائی کا اظہار کرنیوالے۔

یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ یَا غَفَّارُ یَا قَھَّارُ یَا وَھَّابُ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ

اے خالق۔ اے موزوں انداز میں پیدا کرنے والے۔ اے مختلف صور واشکال میں ڈھالنے والے۔ اے مغفرتیں فرمانیوالے۔ اے قہر کے حقداروں پر قہر نازل کرنے والے۔ اے بلاعوض نعمتیں دینے

یَا عَلِیْمُ یَا قَابِضُ یَا بَاسِطُ یَا خَافِضُ یَا رَافِعُ یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ

والے۔ اے سب کے روزی رساں۔ اے سب کے مشکل کشا۔ اے دائمی علم والے۔ اے رزق میں تنگی کرنے والے۔ اے رزق میں وسعت وفراخی پیدا کرنیوالے۔ اے پست کرنے والے۔ اے بلندیوں پر پہنچانے

يَا سَمِيعُ يَا بَصِيرُ يَا حَكَمُ يَا عَدْلُ يَا لَطِيفُ يَا خَبِيرُ يَا حَلِيمُ

والے۔ اے عزتیں دینے والے۔ اے ذلتوں سے دوچار کرنیوالے۔ اے ہمیشہ سننے والے۔ اے ہمیشہ دیکھنے والے۔ اے حکمران۔ اے سراسر عدل۔ اے لطف وکرم

يَا عَظِيمُ يَا غَفُورُ يَا شَكُورُ يَا عَلِيُّ يَا كَبِيرُ يَا حَفِيظُ يَا مُقِيتُ

والے۔ اے خبر رکھنے والے۔ اے حلم والے۔ اے عظمت والے۔ اے بہت بخشنے والے۔ اے بہت جزائیں دینے والے شکر وحمد کی۔ اے بلند شان والے۔ اے

يَا حَسِيبُ يَا جَلِيلُ يَا كَرِيمُ يَا رَقِيبُ يَا مُجِيبُ يَا وَاسِعُ

بڑائی والے۔ اے حفاظت فرمانے والے۔ اے روزی رساں۔ اے حساب لینے والے۔ اے جلالت کے مالک۔ اے صاحب کرم۔ اے نگران۔ اے قبول کرنیوالے۔ اے وسعت کے

يَا حَكِيمُ يَا وَدُودُ يَا مَجِيدُ يَا بَاعِثُ يَا شَهِيدُ يَا حَقُّ يَا

مالک۔ اے حکمت اور دانائی والے۔ اے محبت رکھنے والے۔ اے صاحب مجد اور برتری۔ اے مردوں کو اٹھانے والے۔ اے موجود وحاضر۔ اے موجود حقیقی اے

وَكِيلُ يَا قَوِيُّ يَا مَتِينُ يَا وَلِيُّ يَا حَمِيدُ يَا مُحْصِي يَا

کارساز۔ اے قوت والے۔ اے پختگی کے مالک۔ اے محبوب خلائق۔ اے لائق ستائش۔ اے حصر اور احاطہ کرنے والے۔ اے

مُبْدِئُ يَا مُعِيدُ يَا مُحْيِي يَا مُمِيتُ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا وَاجِدُ

آغاز کرنے والے۔ اے لوٹانے والے۔ اے زندگی دینے والے۔ اے مارنے والے۔ اے بذاتِ خود زندہ رہنے والے۔ اے سب کو قائم رکھنے والے۔ اے ہر

يَا مَاجِدُ يَا وَاحِدُ يَا أَحَدُ يَا صَمَدُ يَا قَادِرُ يَا مُقْتَدِرُ

مطلوب کو موجود پانے والے۔ اے مجد اور برتری کے مالک۔ اے تنہا۔ اے یکتا۔ اے بے نیاز۔ اے صاحب قدرت۔ اے صاحبِ اقتدار

يَا مُقَدِّمُ يَا مُؤَخِّرُ يَا أَوَّلُ يَا آخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا وَالِي

اے بڑھانے والے۔ اے ہٹانے والے۔ اے اوّل۔ اے آخر۔ اے ظاہر۔ اے سب سے اوجھل۔ اے مالک۔

يَا مُتَعَالِي يَا بَرُّ يَا تَوَّابُ يَا مُنْعِمُ يَا مُنْتَقِمُ يَا عَفُوُّ يَا رَءُوفُ

اے علو اور برتری ظاہر کرنے والے۔ اے نکوکار۔ اے توبہ کی توفیق دینے والے۔ اے انعام فرمانے والے۔ اے انتقام لینے والے۔ اے عفو ودرگزر فرمانے والے۔ اے

يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَا مُقْسِطُ يَا جَامِعُ

مہربان۔ اے ملک کائنات کے مالک۔ اے جلالت وعزت والے۔ اے عدل کرنے والے۔ اے لوگوں کو میدان محشر میں جمع کرنے والے

يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِي يَا مُعْطِي يَا مَانِعُ يَا ضَارُّ يَا نَافِعُ يَا نُورُ

اے بے پروا۔ اے بے نیاز کرنے والے۔ اے عطا کرنے والے۔ اے روکنے والے۔ اے ضرر پہنچانے والے۔ اے نفع دینے والے۔ اے سراسر نور

يَا هَادِي يَا بَدِيعُ يَا بَاقِي يَا وَارِثُ يَا رَشِيدُ يَا صَبُورُ

اے ہدایت دینے والے۔ اے انوکھی ایجادات والے۔ اے ہمیشہ رہنے والے۔ اے وارث۔ اے سیدھی راہ والے۔ اے بہت زیادہ حلم وتحمل والے

يَا مَنْ تَقَدَّسَتْ عَنِ الْأَشْبَاهِ ذَاتُهُ وَيَا مَنْ تَنَزَّهَتْ

اے وہ ہستی مطلق کہ پاک ہے مشابہت رکھنے والوں سے ذات اس کی۔ اور اے وہ کہ منزّہ ہیں

عَنْ مُشَابَهَةِ الْأَمْثَالِ أَفْعَالُهُ وَصِفَاتُهُ وَيَا مَنْ دَلَّتْ عَلَى

امثال واشیاہ کی مشابہت سے افعال اس کے۔ اور صفات اس کی۔ اے وہ ذات والاکہ دلالت کی ہے اس کی

وَحْدَانِيَّتِهِ آيَاتُهُ وَشَهِدَتْ بِرُبُوبِيَّتِهِ مَصْنُوعَاتُهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

وحدانیت پر اس کی آیات نے اور گواہی دی ہے اس کی شان پرورش پر اس کی مصنوعات نے۔ نہیں کوئی معبود برحق مگر اللہ۔

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ تو ہے شہنشاہ۔ موجود حقیقی کہ نہیں لائق پرستش مگر تو ہی۔

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحِيمُ يَا اَللّٰهُ يَا مَلِكُ

اے اللہ۔ اے اللہ۔ اے اللہ۔ اے رحمٰن۔ اے اللہ۔ اے رحیم۔ اے اللہ۔ اے بادشاہ حقیقی

يَا اَللّٰهُ يَا قُدُّوسُ يَا اَللّٰهُ يَا سَلَامُ يَا اَللّٰهُ يَا مُؤْمِنُ يَا اَللّٰهُ يَا

اے اللہ اے مقدس ترین ذات۔ اے اللہ اے سراسر سلامتی۔ اے اللہ اے ایمان دینے والے۔ اے اللہ۔ اے

مُهَيْمِنُ يَا اَللّٰهُ يَا عَزِيزُ يَا اَللّٰهُ يَا جَبَّارُ يَا اَللّٰهُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا اَللّٰهُ

نگہبان۔ اے اللہ اے غالب۔ اے اللہ۔ اے جبّار۔ اے اللہ اے بڑائی وبزرگی والے۔ اے اللہ

يَا خَالِقُ يَا اَللّٰهُ يَا بَارِئُ يَا اَللّٰهُ يَا مُصَوِّرُ يَا اَللّٰهُ يَا غَفَّارُ يَا اَللّٰهُ

اے عدم سے ہستی کی طرف لانے والے۔ اے اللہ اے موزوں انداز میں پیدا کرنے والے۔ اے اللہ اے صورت گر ہستی۔ اے اللہ اے بہت بخشنے والے

يَا قَهَّارُ يَا اَللّٰهُ يَا وَهَّابُ يَا اَللّٰهُ يَا رَزَّاقُ يَا اَللّٰهُ يَا فَتَّاحُ يَا اَللّٰهُ

اے اللہ۔ اے قہر والے۔ اے اللہ۔ اے ہبہ کرنے والے۔ اے اللہ۔ اے روزی رسانِ خلق۔ اے اللہ اے مشکل کشائے ہمہ۔ اے اللہ

يَا عَلِيمُ يَا اَللّٰهُ يَا قَابِضُ يَا اَللّٰهُ يَا بَاسِطُ يَا اَللّٰهُ يَا خَافِضُ

اے دائمی علم والے۔ اے اللہ اے رزق میں تنگی پیدا کرنے والے۔ اے اللہ اے رزق میں فراخی پیدا کرنے والے۔ اے اللہ اے پست کرنیوالے مراتبِ خلق کے

يا اللهُ يا رافعُ يا اللهُ يا معزُّ يا اللهُ يا مذلُّ يا اللهُ يا سميعُ

اے اللہ اے بلند کرنے والے درجات خلق کے۔ اے اللہ اے عزت دینے والے۔ اے اللہ اے ذلت دینے والے۔ اے اللہ اے سب کی

يا اللهُ يا بصيرُ يا اللهُ يا حكمُ يا اللهُ يا عدلُ يا اللهُ يا لطيفُ

سُننے والے۔ اے اللہ اے سب کو دیکھنے والے۔ اے اللہ اے حکمرانِ مطلق۔ اے اللہ اے سراسر عدل۔ اے اللہ اے لُطف و کرم والے۔

يا اللهُ يا خبيرُ يا اللهُ يا حليمُ يا اللهُ يا عظيمُ يا اللهُ يا غفورُ

اے اللہ اے باطن کی خبر رکھنے والے۔ اے اللہ اے حلم والے۔ اے اللہ اے عظمت والے۔ اے اللہ اے بخشنے والے

يا اللهُ يا شكورُ يا اللهُ يا عليُّ يا اللهُ يا كبيرُ يا اللهُ يا حفيظُ

اے اللہ اے جزائے حمد و شکر دینے والے۔ اے اللہ اے بلند مرتبت۔ اے اللہ اے بزرگ۔ اے اللہ اے حفاظت فرماتے والے

يا اللهُ يا مقيتُ يا اللهُ يا حسيبُ يا اللهُ يا جليلُ يا اللهُ يا كريمُ

اے اللہ اے روزی رسان۔ اے اللہ اے حساب لینے والے۔ اے اللہ اے صاحبِ جلالت۔ اے اللہ اے صاحب کرم

يا اللهُ يا رقيبُ يا اللهُ يا مجيبُ يا اللهُ يا واسعُ يا اللهُ يا حكيمُ

اے اللہ اے نگرانِ خلق۔ اے اللہ اے صاحبِ قبولیت۔ اے اللہ اے مالکِ وسعت۔ اے اللہ اے صاحبِ حکمت

يا اللهُ يا ودودُ يا اللهُ يا مجيدُ يا اللهُ يا باعثُ يا اللهُ يا شهيدُ

اے اللہ اے صاحبِ مودّت۔ اے اللہ اے صاحبِ بزرگی و مجد۔ اے اللہ اے صاحبِ نشر۔ اے اللہ اے صاحبِ شہادت

يا اللهُ يا حقُّ يا اللهُ يا وكيلُ يا اللهُ يا قويُّ يا اللهُ يا متينُ يا اللهُ

اے اللہ اے ہستیٔ مطلق۔ اے اللہ اے کارساز۔ اے اللہ اے صاحبِ قوت و توانائی۔ اے اللہ اے صاحبِ متانت۔ اے اللہ

يا وليُّ يا اللهُ يا حميدُ يا اللهُ يا محصي يا اللهُ يا مبدئُ يا اللهُ

اے مددگار۔ اے اللہ اے ہمیشہ کے لیے سزاوار حمد۔ اے اللہ اے شمار و احاطہ کرنے والے۔ اے اللہ اے آغازِ کار فرمانے والے۔ اے اللہ

يا معيدُ يا اللهُ يا محيي يا اللهُ يا مميتُ يا اللهُ يا حيُّ يا اللهُ

اے حالت سابقہ کی طرف لوٹانے والے۔ اے اللہ۔ اے حیات بخش۔ اے اللہ اے موت وارد کرنے والے۔ اے اللہ اے صاحبِ حیات دائم اے

يا قيومُ يا اللهُ يا واجدُ يا اللهُ يا ماجدُ يا اللهُ يا واحدُ يا اللهُ

اللہ اے ہمیشہ موجود و قائم۔ اے اللہ اے مراد کو موجود پانے والے۔ اے اللہ اے صاحبِ بزرگی و مجد۔ اے اللہ اے بے ہمتا۔ اے اللہ

يا احدُ يا اللهُ يا صمدُ يا اللهُ يا قادرُ يا اللهُ يا مقتدرُ يا اللهُ يا مقدّمُ

اے یکتا۔ اے اللہ۔ اے بے نیاز۔ اے صاحبِ قدرت۔ اے اللہ اے صاحبِ اختیار و اقتدار۔ اے اللہ اے سبقت دینے والے

يا اللهُ يا مؤخّرُ يا اللهُ يا اوّلُ يا اللهُ يا اخرُ يا اللهُ يا ظاهرُ يا اللهُ

اے اللہ اے مؤخر کرنے والے۔ اے اللہ۔ اے اوّل۔ اے اللہ۔ اے آخر۔ اے اللہ۔ اے ظاہر۔ اے اللہ

يا باطنُ يا اللهُ يا والي يا اللهُ يا متعالي يا اللهُ يا برُّ يا اللهُ يا توّابُ

اے سب سے پوشیدہ۔ اے اللہ اے صاحبِ ولایت۔ اے اللہ۔ اے برتری والے۔ اے اللہ اے صاحبِ بر و احسان۔ اے اللہ اے مخلوق پر نظر رحمت

يا اللهُ يا منعمُ يا اللهُ يا منتقمُ يا اللهُ يا عفوُّ يا اللهُ يا رءوفُ

فرمانیوالے۔ اے اللہ اے صاحبِ انعام۔ اے اللہ اے صاحبِ انتقام۔ اے اللہ اے صاحبِ عفو و درگزر۔ اے اللہ اے صاحبِ رأفت و عنایت

يا اللهُ يا مالكَ الملكِ يا اللهُ يا ذا الجلالِ والاكرامِ يا اللهُ

اے اللہ۔ اے مالکِ ملک۔ اے اللہ اے صاحبِ جلال و اکرام۔ اے اللہ

يا ربُّ يا اللهُ يا مقسطُ يا اللهُ يا جامعُ يا اللهُ يا غنيُّ يا اللهُ

اے صاحبِ پرورش و ربوبیت۔ اے اللہ اے صاحبِ عدل و انصاف۔ اے اللہ۔ اے جمع کرنیوالے خلائق کے۔ اے اللہ اے بے پروا۔ اے اللہ

يا مغني يا اللهُ يا معطي يا اللهُ يا مانعُ يا اللهُ يا ضارُّ يا اللهُ يا

اے احتیاجِ خلق سے بے پروا کرنیوالے۔ اے اللہ اے صاحبِ جود و عطا۔ اے اللہ اے مالکِ بندشِ رزق۔ اے اللہ اے مالکِ ضرر و نقصان۔ اے اللہ اے

نافعُ يا اللهُ يا نورُ يا اللهُ يا هادي يا اللهُ يا بديعُ يا اللهُ يا

مالکِ نفع و افادہ۔ اے اللہ اے نورانی بنانے والے۔ اے اللہ اے منزلِ مقصود تک پہنچانے والے۔ اے اللہ اے امتیازی ایجاد و تخلیق والے۔ اے اللہ اے

باقي يا اللهُ يا وارثُ يا اللهُ يا رشيدُ يا اللهُ يا صبورُ يا اللهُ يا من

دائم۔ اے اللہ۔ اے وارثِ خلق۔ اے اللہ اے صاحبِ رشد و ہدایت۔ اے اللہ اے صبر فراواں والے۔ اے اللہ۔ اے وہ ذات والا

تعاليتَ عن وسمةِ النقصِ والزوالِ وتقدّستَ بشيمةِ العظمةِ والجلالِ

کہ بلند و برتر ہے علاماتِ نقص و زوال سے۔ اور مقدس و منزہ ہے بسبب زینتِ عظمت و جلال کے۔

وتنزّهتَ عن ادراكِ الاوهامِ والخيالِ وتفرّدتَ بجيادِ الخلالِ والفضالِ

اور تو منزہ و مبرا ہے۔ اوہام و خیالات کے ادراک و احاطہ سے۔ اور منفرد و یکتا ہے بسبب عمدہ خصلتوں اور فضیلتوں کے۔

نَسْئَلُكَ اَنْ تُفِيْضَ عَلَيْنَا ذَوَارِفَ الْعَوَارِفِ بِفَضْلِكَ الْمُتَعَالِ وَ

ہم تیری بارگاہ میں دست سوال دراز کئے ہوئے ہیں کہ تو ہم پر فیضان فرمائے عمدہ نیکیوں کا بطفیل اپنے فضل عالی شان کے ۔ اور

تُلْهِمَ حَقَائِقَ الْمَعَارِفِ بِجَزَآئِلِ النَّوَالِ وَتُرَشِّحَ مِنْ شَآبِيْبِ الشُّهُوْدِ مِلْءَ

الہام فرمائے معارف کے حقائق کا بوسیلہ اپنے عظیم جود ونوال کے ۔ اور برسائے مشاہدۂ ذات کی برساتوں سے بھرپور

السِّجَالِ وَتَجُوْدَ مِنْ بِحَارِ التَّوْحِيْدِ كُؤُسَ الْوِصَالِ وَتَرْفَعَنَا مِنْ حَضِيْضِ

ڈول ۔ اور عطا فرمائے بحرہائے توحید سے وہ پیمانے جو موجب وصل ہوں اور ہمیں بلند فرمائے پستیٔ

التَّدَنُّسِ اِلٰى ذُرْوَةِ اللِّقَآءِ الْكَمَالِ وَتُبَلِّغَنَآ اِلٰى نَيْلِ بَقَآءٍ لَّا يَزَالُ وَتُكَرِّمَنَا بِصِلَةِ

آلائش اور میلگونی سے لقاء کامل کی بلندی کی طرف ۔ اور ہمیں پہنچائے طرف ایسے بقا و دوام کے حصول کے جو کبھی زوال پذیر نہ ہو اور ہمیں معزز

مَدَارِجِ فَنَآءِ الْمُطْلَقِ وَالْخِصَالِ بِوَجَاهَةِ مَنْ لَّوْلَاهُ لَمَا كُسِيْنَا كِسَآءَ التَّأَيُّسِ

ٹھرائے ساتھ عطا کرنے فنائے مطلق والے مدارج اور اخلاق کے بطفیل وجاہت اور آبرو اس ذات کے کہ جن کا وجود نہ ہوتا تو ہمیں نہ پہنائی جاتی پوشاک ہستی کی

وَالْمِثَالِ عَلَيْهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ اَزْيَدُ مِنْ عَدَدِ الْحَصَاةِ وَالرِّمَالِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ

اور خلعت شکل وصورت کی ۔ ان پر اللہ تعالیٰ کے درود اور رحمتیں نازل ہوں کنکریوں اور ریت کے ذرات کی مقدار سے زائد اور ان کی آل پر

وَصَحْبِهٖ اُولِى الشَّرَفِ وَالْجَمَالِ يَا فَاطِرَ الْجَبَرُوْتِ مِنْكَ تَلَذُّ الْاَلْسِنَةُ

اور اصحاب پر جو ارباب شرف و جمال ہیں ۔ اے پیدا کرنے والے مظاہر قہر و جبر کے ۔ تجھی سے لذت پاتی ہیں زبانیں

بِالْمَقَالِ يَا مَالِكَ الْمَلَكُوْتِ اَنْتَ مُشَرِّفُ النُّفُوْسِ بِشَرَافَةِ الْحَالِ وَاَنْتَ

گفتگو اور ہمکلامی کے ساتھ ۔ اے ملکوت کے مالک تو ہی نفوس کو مشرف فرمانے والا ہے احوال کے شرف اور بزرگی کے ساتھ ۔ اور تو ہی

حَقٌّ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا ذَا الْعِزَّةِ وَالْجَلَالِ وَمِنْكَ الْبِدَايَةُ وَاِلَيْكَ الْمَآلُ

موجود مطلق ہے ۔ نہیں کوئی معبود برحق مگر تو ہی اے عزت و جلال والے ۔ تجھی سے ہی ابتداء ہے اور تیری طرف ہی سب کی بازگشت ہے ۔

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

تیری رحمت کے ہی (امیدوار ہیں) اے سب سے بڑے مہربان ۔ اور سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو پرورش کرنے والا ہے سب جہانوں کی ۔ اللہ ۔ اللہ

اَللّٰهُ رَبُّنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ حَسْبُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ جَلْبُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ نُوْرُنَا

اللہ ہی ہمارا رب ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمیں کافی ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہماری کشش ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا نور ہے

اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ ظُهُوْرُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ حُضُوْرُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ سُرُوْرُنَا اَللّٰهُ

اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا سببِ ظہور ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی کے لیے ہماری حاضری ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا سرور ہے اللہ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَوْفُوْرُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَحْبُوْبُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَطْلُوْبُنَا اَللّٰهُ

اللہ اللہ ہی کامل جزا ہماری ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا محبوب ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا مطلوب ہے ۔ اللہ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَرْغُوْبُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَعْبُوْدُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَقْصُوْدُنَا اَللّٰهُ

اللہ اللہ ہی ہماری رغبتوں کا مرکز ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا معبود ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا مقصود ہے ۔ اللہ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَشْهُوْدُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَكْبَارُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَسْتَارُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ

اللہ اللہ ہی ہماری نگاہِ قلوب کے مشاہدہ میں ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی سے ہماری بڑائیاں ہیں ۔ اللہ اللہ اللہ ہی سے ہماری پردہ داریاں ہیں اللہ اللہ

اَللّٰهُ اَسْرَارُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اِسْتَارُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اِيْمَانُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

اللہ ہی ہمارے اسرار ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا پردہ پوش ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا ایمان ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی

اِيْقَانُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَفْرَاضُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اِضَاضُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

ہمارا یقین ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارے فرائض ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا ملجا و ماویٰ ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی

فَيَّاضُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَرْوَاحُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اِصْلَاحُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ

ہمارا فیض رساں ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی سے ہماری روحیں اور مدارِ حیات ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی سے ہماری اصلاح اور بہتری ہے اللہ اللہ

اَللّٰهُ اِفْلَاحُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اِصْبَاحُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اِسْتِفْتَاحُنَا

اللہ ہی سے ہماری فلاح اور کامیابی ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی سے ہماری روشنی ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی سے ہماری حل مشکلات کی آرزو ہے

اَللّٰهُ اَللّٰهُ حَبِيْبُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ طَبِيْبُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ كَنْزُنَا اَللّٰهُ

اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا حبیب ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا طبیب اور دافع امراض ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا خزانہ ہے ۔ اللہ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ حِرْزُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ عِيَاذُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ غِيَاثُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ

اللہ اللہ ہی ہمارے لیے حفظ و امان ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہماری پناہ ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا فریادرس ہے ۔ اللہ اللہ

اَللّٰهُ حِصْنُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ فَخْرُنَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَا فِى الْقُلُوْبِ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ ہی ہمارا قلعہ اور جائے پناہ ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہی ہمارا سرمایۂ فخر و ناز ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ہمارے دلوں میں نہیں مگر اللہ ہی

اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَا فِی السِّرِّ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَا فِی الْوُجُوْدِ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ

اللہ اللہ اللہ نہیں ہے ہمارے لطیفۂ سِرّ میں مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے ہر وجود میں مگر اللہ اللہ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَا فِی الْكَوْنِ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَا فِی الْكَوْنَیْنِ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ اللہ نہیں ہے جہان میں مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے دونوں جہان میں مگر اللہ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَا فِی الْمُكَوَّنِ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ اِلَّا

اللہ اللہ اللہ نہیں ہے مخلوق میں سوائے اللہ کے۔ اللہ اللہ اللہ اللہ نہیں آسمانوں میں مگر

اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَا فِی الْاَرَضِیْنَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَا فِی الدُّنْیَا

اللہ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے زمینوں میں مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں دُنیا میں

اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مَا فِی الْاٰخِرَةِ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا اَوَّلَ اِلَّا اللّٰهُ

مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے آخرت میں مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے اول مگر اللہ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا اٰخِرَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا ظَاهِرَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

اللہ اللہ اللہ نہیں ہے آخر مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے ظاہر مگر اللہ۔ اللہ اللہ

اَللّٰهُ لَا بَاطِنَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا فَاخِرَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا

اللہ نہیں ہے باطن و مخفی مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے صاحب فخر مگر اللہ۔ اللہ اللہ نہیں ہے

غَافِرَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا مَالِكَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا مَلِكَ

بخشنے والا مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں مالک ہر شئی کا مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے حقیقی بادشاہ

اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا قَآئِمَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا دَآئِمَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ

مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے قائم و پائندہ مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے دائم و باقی مگر اللہ اللہ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا اِمْتِنَانَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا اِمْتِهَانَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ

اللہ اللہ نہیں ہے سراسر احسان مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے ہماری سراپا عجز و نیازی (کا حقدار مگر) اللہ اللہ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا اَمِیْنَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا اٰمِّیْنَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

اللہ اللہ نہیں لائق امانت مگر اللہ تعالے۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہیں ہم قصد کرنیوالے مگر اللہ کا۔ اللہ اللہ

اَللّٰهُ لَا بَلُوْجَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا بَلَجَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا

اللہ نہیں ہے بہت واضح اور روشن مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے سراسر وضوح اور روشنی مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے

سُلْطَانَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا بُرْهَانَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا

سلطان اور صاحب سطوت مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے دلیل روشن مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے۔

رَحِیْمَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا كَرِیْمَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا عَظِیْمَ

رحمت دائم والا مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں دائمی کرم و بخشش والا مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے دائمی عظمت والا

اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا رَحْمٰنَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا سُبْحَانَ اِلَّا اللّٰهُ

مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں مومن و کافر پر فضل و احسان کرنے والا مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں ہے پاکیزہ و تقدس مطلق مگر اللہ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا رَبَّ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا نُوْرَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

اللہ اللہ اللہ نہیں ہے پرورش کرنے والا مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ نہیں منور کرنے والا مگر اللہ۔ اللہ اللہ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

اللہ نہیں ہے عبادت کے لائق مگر اللہ۔ اللہ اللہ اللہ محمد اللہ کے رسول ہیں۔ اللہ اللہ اللہ

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِیْهَا مِصْبَاحٌ

اللہ ہی نور ہے آسمانوں اور زمین کا۔ اس کے نور کی شان اور حالت طاق میں رکھے ہوئے چراغ کی مانند ہے

اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ

وہ چراغ کہ شیشہ میں ہے۔ اور وہ شیشہ گویا کہ چمکتا ستارہ ہے۔ جس چراغ کو جلایا جاتا ہے اس تیل سے جو حاصل کیا جاتا ہے بابرکت درخت

مُّبٰرَكَةٍ زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَرْبِیَّةٍ یَّكَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ

یعنی زیتون سے جو نہ شرقی ہے نہ غربی (بلکہ درمیانی علاقہ سے ہے) جس کا تیل اس قابل ہے کہ خود ہی روشنی دے۔ اگرچہ نہ

تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وَیَضْرِبُ

مس کرے اسے آگ۔ بس نور ہی نور ہے۔ ہدایت دیتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے نور کی طرف جسے چاہے اور بیان کرتا ہے

اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

اللہ تعالیٰ مثالیں لوگوں کے سمجھانے کے لیے۔ اور اللہ ہر چیز کا ہمیشہ کے لیے جاننے والا ہے۔ اے اللہ درود بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ قَصَدَ لَهُ الْمُخَالِفُوْنَ اَعْنِیْ یُرِیْدُوْنَ لِیُطْفِئُوْا نُوْرَ

ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جن کی مخالفت کا مخالفین نے قصد کیا یعنی ارادہ رکھتے تھے کہ بجھا دیں نور خدا کو

اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ○ اَلنُّوْرُ وَیَا نُوْرَ كُلِّ

اپنے مونہوں (کے پھونکوں) سے اور اللہ اپنے نور مخصوص کو کامل تر کرنے والا ہے اگرچہ ناپسند کریں کفار۔ نور مطلق اور اے نور ہر

شَیْءٍ وَّهُدَاهُ اَنْتَ الَّذِیْ فَلَقْتَ الظُّلُمَاتِ بِنُوْرِهٖ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ

شئی کے۔ اور سب کی ہدایت (کے سازگار) تو ہی ہے جس نے پھاڑا ظلمتوں کو اپنے نور کے ساتھ۔ تو ہی منوّر کرنے والا ہے آسمانوں کا

الَّتِیْ كَنَفْتَهَا بِنُوْرِكَ الْجَامِدِ بِتَخْلِیْطِ الْاَبْخِرَةِ الْجَلَالِیَّةِ وَالْجَمَالِیَّةِ

جنہیں تو نے اپنے نور سے ڈھانپا جو کہ انجماد پذیر ہیں بسبب اختلاط بخارات جلالیہ اور جمالیہ کے

وَاَشْرَقَتِ الشَّمْسُ بِتَخْلِیْقِكَ قُرْصَهَا مِنْ نُّوْرِ الْجَلَالِ الْغَالِبِ وَجَمَالِ

اور چمک اٹھا سورج بسبب پیدا کرتے تیرے اس کے قرص کو جلال غالب اور جمال مطالب کے نور سے

الْمَطَالِبِ حَتّٰی عَكَسَتْ عَلَی التَّنُّوْرِ وَصَارَتِ الْهَوَآءُ حَارَّةً بِتَحَرُّ

حتیٰ کہ وہ تنور کے عکس و پرتو کا مظہر بنا۔ اور ہوا حرارت پذیر ہو گئی بسبب

الشُّعَاعَاتِ طَبَّاخَةً وَّخَلَقْتَ الْقَمَرَ مُضِیْئًا بَارِدًا شُعَاعَاتِهٖ وَكَوَّنْتَ

شمسی شعاعوں کی حرارت کے اور اشیاء کی پکانے والی بن گئی اور تو نے پیدا کیا ماہتاب کو اس انداز میں کہ نور افشاں ہے اور ٹھنڈی ہیں شعاعیں اسکی اور تو نے

الْكَوَاكِبَ بَرَّاقَةً هَادِیَةً رَّاجِمَةً اِنْفَصَلَتْ شُعَاعَاتُهَا مِنْهَا ثُمَّ تَتَّصِلُ بِمَقَارِّهَا

پیدا فرمایا ستاروں کو اسی انداز میں کہ چمکتے ہیں اور باعث ہدایت و راہنمائی ہیں اور شیاطین کو ہلاک کرنے والے ہیں انہیں (اجرام مضیئہ) سے ان کی شعاعیں جدا ہوتی

وَمَرَاكِزِهَا حَتّٰی صَارَتِ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ مُزَیَّنَةً بِاَحْسَنِ زِیْنَةٍ ثُمَّ

ہیں پھر اپنے محل قرار اور مراکز تک واصل و متصل ہوتی ہیں حتیٰ کہ ساتوں آسمان مزین ہو گئے انتہائی حسین آرائش کے ساتھ پھر

اَبْدَعْتَ اَشْخَاصَ الْمَلٰٓئِكَةِ مِنْ غَیْرِ تَامُوْرٍ وَّتَامُوْرَةٍ مِّنْ اِهَابٍ وَّلَحْمٍ

تو نے از سر نو پیدا فرمایا ملائکہ کے وجودوں کو بغیر مخلوط کرنے مذکر و مؤنث کے مواد کے جو حاصل ہوں چمڑے اور گوشت

وَّعِظَامٍ مَّشْكُوْكَةٍ بَلْ اَوْجَدْتَهَا مِنْ صِرْفِ نُوْرٍ لَّطِیْفٍ قَابِلِ الشَّكْلِ

اور پردوں میں چھپی ہڈیوں کے (مجسموں سے)، بلکہ تو نے انہیں ایجاد فرمایا خالص لطیف نور سے جو قبول کرنے والا تھا پاکیزہ و لطیف شکل کو

اللَّطِیْفِ وَالْكَثِیْفِ مَعَ بَقَآءِ الْهَیْئَةِ الْمَلَكِیَّةِ النُّوْرَانِیَّةِ فِیْ هَیْاٰتِهَا الْجِبِلِّیَّةِ

اور کثیف کو بھی باوجود باقی رہنے حالت ملکی نورانی کے اپنی جبلی ہیئات پر

حَتّٰی تَیَسَّرَ لَهُمُ الْهُبُوْطُ وَالصُّعُوْدُ فِیْ اَدْنٰی لَمْحَةٍ وَالْجِهَاتُ طُوِیَتْ لَهُمْ

حتیٰ کہ سہل ہو گیا ان کے لیے اترنا زمین کی طرف اور چڑھنا آسمانوں کی طرف آنکھ جھپکنے کی دیر میں اور شش جہات ان کیلئے سمیٹ دی گئیں

فِیْ لَطَافَةِ بَرَاقَتِهَا فَصَارَتْ جِهَةً وَّحْدَانِیَّةً وَّعَیْنًا سِوَانِیَّةً

لطیف چمک اور نورانیت میں تو وہ وحدانی جہت بن گئیں اور ان کی نگاہ سب کو دیکھنے میں برابر ہو گئی

یُلَاحِظْنَ بِهَآ اَحْوَالَ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنْ غَیْرِ تَوَقُّفٍ عَلٰی كَسْبٍ بَلْ هُمْ

وہ اس نگاہ سے ملاحظہ کرتے ہیں مخلوقات کے احوال کا بغیر موقوف ہونے اس مشاہدہ کے اوپر کسی مشقت و تعب کے بلکہ وہ خود

ذَوَاتٌ بِالْفِعْلِ نَفَّاذَةٌ مُّخَلْخِلَةٌ مُّجَلْجِلَةٌ یَّتَرَشَّحُ مِنْهَا الْاَنْوَارُ عَلٰی

موجودات ہیں جو افعال کو نافذ کرنے والے ہیں اور ہر شئی کے اندر نفوذ کرنیوالے ہیں اور اسے جنبش اور حرکت دینے والے ہیں انہیں سے برستے ہیں انوار اوپر

قُلُوْبِ الْعَارِفِیْنَ یَهْتَدُوْنَ بِهَآ اِلَی اللّٰهِ وَتَنْشَرِحُ صُدُوْرُهُمْ بِالَّتِیْ

قلوب عارفین کے جن کی بدولت اللہ تعالیٰ کی طرف رہنمائی پاتے ہیں اور کشادہ ہوتے ہیں ان کے سینے ان انکشافات کے ساتھ جو

سُمِّیَتْ بِالْهَامَاتِ الْمَلٰٓئِكَةِ وَخَلَقْتَ مِنْ نُّوْرِهِ الْاَنْوَارَ الْمُقَرَّبَ

جو موسوم کئے جاتے ہیں ملائکہ کے الہامات کے ساتھ اور تو نے پیدا فرمایا ان کے نور مقرب اور سرچشمہ ہدایت سے سبھی انوار کو

الْمُهْدِیْ وَفَلَقْتَ الْبَیْضَآءَ الطَّرْقَآءَ مِنَ السَّوْدَآءِ الْقَمْصَآءِ اِلٰهَنَا

اور تو نے پھیلایا زمین کے سفیدے کو جو چلنے کے قابل موزوں ڈھلوان والی ہے سیاہ فام لرزتے مادے سے اے ہمارے خدا تو

نَوِّرْنَا بِنُوْرِكَ وَخَلِّصْنَا عَنِ الظُّلْمَةِ حَتّٰی لَا یَبْقٰی فِیْنَا شَائِبَةُ الْعِصْیَانِ

ہمیں منور فرما اپنے نور مخصوص کے ساتھ اور چھٹکارا دے ظلمتوں سے حتیٰ کہ نہ باقی رہے ہم میں شائبہ نافرمانی کا

فَاِنَّ الْعِصْیَانَ مِنَّا وَالْعَفْوَ مِنْكَ وَاِنَّكَ مَحْضُ النُّوْرِ وَنَحْنُ مَحْضُ الظُّلْمَةِ

کیونکہ نافرمانی ہماری طرف سے ہے اور درگزر تیری طرف سے ہے اور بالیقین تو نور محض ہے اور ہم محض ظلمت اور تاریکی ہیں

فَلَا یُعَادِلُهٗ شَیْءٌ مِّنْ خَلْقِهٖ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْنَا بِنُوْرِ وَحْدَتِكَ وَكَثْرَتِكَ وَ

پس نہیں برابر اور مماثل اس ذات اقدس کے مخلوق میں سے کوئی شئی۔ اے اللہ ہمیں منور فرما اپنے نور وحدت اور نور کثرت کے ساتھ اور

نُوْرُكَ فَوْقَ كُلِّ نُوْرٍ وَّنَارٍ وَّكُلٌّ مِّنْ فُرُوْعِ اَنْوَارِهٖ وَاَسْمَآئِكَ فَنَوِّرْ

تیرا نور ہی تمام انوار پر اور نار پر غالب ہے اور سبھی تیرے اسمائے انوار کی فروع اور نتائج ہیں۔ پس منور فرما

قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ وَعِرْفَانِكَ لِاَسْتَعِدَّ لِمُشَاهَدَةِ كُرَّاتِ الْاَنْوَارِ بِلَا

میرے دل کو اپنے نورِ معرفت وعرفان کے ساتھ تاکہ مستعد اور قابل ہو جائے انوار کے جہانوں کے مشاہدہ کے۔

مِنْ تَعَبٍ وَّلَا تَعَبٍ وَّاَعِدَّ نَفْسِیْ لِحُلُوْلِ الْاَفْيَاضِ وَاَنْوَارِ الْحَقَآئِقِ

بلا تھکان وکلفت کے اور بغیر ہلاکت کے۔ اور باصلاحیت بنا میرے نفس کو فیوض اور انوارِ حقائق کے حلول کے لیے

اَلَّتِیْ هِیَ عُلُوْمٌ بِالنِّسْبَةِ وَخَوَارِقُ بِالْمَقْدِرَةِ وَاجْعَلْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَّتَحْتِیْ

جو کہ ایک لحاظ سے علوم ہیں تو دوسری جہت سے قدرت کے کرشمے اور کرامات ہیں۔ اور بنا میرے اوپر نور اور نیچے

نُوْرًا مُّحِيْطًا حَتّٰى لَآ اَرٰى بِالْبَصَرِ وَالْبَصِيْرَةِ اِلَّا نُوْرَكَ الْهَادِیْ بِنُوْرِكَ

نور جو مجھے اپنے گھیرے میں لینے والا ہو حتیٰ کہ میں نہ دیکھوں سر اور دل کی آنکھوں سے مگر تیرے ہی نور کو جو خود ہی اپنی طرف ہمارا ہادی ہے بطفیل اپنے نور کے

الْقَاضِیْ وَجَمِّلْ رُوْحِیْ بِحَيْثُ تَتَهَافَتُ الْاَنْوَارُ عَلَيْهِ وَتَسْرِیْ مِنْهُ اِلَى

جو سب پر اثر انداز ہے۔ اور جمیل بنا میرے روح کو اس انداز میں کہ زور سے برسیں انوار اس پر پھر انہیں پہنچائے تو

الْمُسْتَرْشِدِيْنَ وَالْمُتَوَجِّهِيْنَ اِلٰى هٰذَا الدَّاعِیْ وَاِلٰى مَنْ اَرَادَ بِهٖ نَفْعًا

ان طالبان رشد وہدایت تک اور توجہ ورغبت رکھنے والوں تک طرف اس دعا گو کے اور جو بھی اس سے نفع اندوزی کا ارادہ کرے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ نُوْرًا بِنُوْرِ الْوَسَاطَةِ وَبِظُهُوْرِ الْوَسَامَةِ وَاَعْطِنِیْ مَعِيَّةَ

اے اللہ مجھے نورانی بنا دے ساتھ نورِ شرافت اور ظهور جمال کے اور عطا فرما مجھے معیت

الْوَصَامَةِ الْوَحْدَةِ بِوِدَادَةِ الْوَصَافَةِ وَارْحَمْنِیْ مِنَ الْوِرَاثَةِ الْحَقِيْقِيَّةِ

شدت تنہائی کی بمع حسن طاعت وخدمت کے اور مجھ پر احسان فرما (ساتھ بخشنے) وراثت حقیقیہ

الْمُحَمَّدِيَّةِ وَاهْدِنِیْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ؕ وَاَمُرْنِیْ عَلَيْهِ مَعَ

محمدیہ کے اور مجھے صراط مستقیم کی ہدایت دے۔ اور اس پر ثابت قدم رکھ ساتھ

الْمُتَّقِيْنَ بِفَضْلِكَ وَهُوَ قُوَّةُ هِدَايَتِكَ اٰمِيْنَ مَعَ كُلِّ اٰمِيْنَ فِیْ

اپنے نیکوکار لوگوں کے اپنے فضل سے۔ اور اس فضل کا مظہر تیری قوی اور برپا ہدایت ہے اور یہ دعا بھی قبول فرما اے مجیب الدعوات بمع ہر اس دعا کے

الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ الْكَلِيْمُ الدَّآئِمُ فِی الْاَزَلِ وَالْقَدَرِ

جو امور دین سے متعلق ہو۔ اے اللہ تو ہی ازلی حکمت والا ہے اور سرمدی علم والا صاحبِ کلام ہمیشہ موجود رہنے والا ازل اور تقدیر میں

وَلَمْ يَكُنْ مَّعَكَ شَیْءٌ مِّنَ الْاُصُوْلِ وَالْفُرُوْعِ سِوَا ذَاتِكَ وَالْعَكْسَاتِ

جبکہ نہ تھی ساتھ تیرے کوئی شئی اصول وفروع سے سوا تیری ذات کے اور سوا عکس وپرتو ہائے

النُّوْرِيَّةِ الْحَادِثَةِ مِنْ اَنْوَارِ ذَاتِكَ الْقَدِيْمِ مِنْ نِّهَايَةِ كُلِّ مَادَّةٍ وَّ

نورانی کے جو پیدا ہونے والے ہیں تیری ذات قدیم کے انوار کی نہایت سے اور ان انوار حادثہ میں سے ہر ایک مادہ اور

اَصْلٍ لِّتَمَثُّلِ هٰذَا الْعَالَمِ مِنْ غَيْرِ فَنَآءٍ وَّلَا زَوَالٍ فَاَنَا مِكْعَانٌ وَّاَنْتَ

اصل ہے واسطے ایک عالم کے بغیر فنا، وزوال کے پس میں خوشی سے محروم ہوں اور تو

مِعْوَانٌ اُرِيْدُ مِنْكَ بَهْجَةً فِیْ تَوَجُّهِیْ اِلَيْكَ وَلِسَانِیْ فِیْ ذِكْرِكَ وَ

مددگار ہے۔ میں تجھ سے ارادہ کرتا ہوں بهجت وسرور کا تیری طرف متوجہ ہونے کے دوران اور میری زبان کے تیرے ذکر میں اور

قَلْبِیْ فِیْ فِكْرِكَ وَجِسْمِیْ لَمْعَانٌ بِعَكْسِ نُوْرِ جَمَالِكَ وَجَلَالِكَ دَآئِمًا

دل کے تیرے فکر میں (مستغرق ہونے کے دوران) درآنحالیکہ میرا جسم چمکتا ہو ہمیشہ تیرے نور جمال وجلال کے عکس وپرتو کے ساتھ

وَّبِعَيْنِ نُوْرِ كَمَالِكَ وَكَمَالِ كَمَالِكَ مَوَالِدَ النَّبِيِّيْنَ وَجَعَلَ اللّٰهُ مَوْضِعَ

اور تیرے نور کمال کے عین اور کمال کے کمال کے ساتھ (چمکتا ہو) انبیاء علیہم السلام کے مقاماتِ ولادت میں اور بنائے اللہ میرے جسم کی اقامت گاہ

اِسْتِيْطَانِهٖ مَحَلَّ اَمْنِهٖ وَاِيْمَانِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کو اپنے امن اور ایمان کی جگہ۔ اے اللہ درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمدؐ پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمَعْنِیِّ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى عَزَّ وَجَلَّ اِظْهَارًا لِّقَدْرِهٖ وَ

اور ہمارے آقا محمدؐ کی آل پر جو مقصود ہیں اللہ تعالیٰ کے اس قول سے جو ان کی قدر کو ظاہر کرنے کے لیے ہے

بَيَانًا لِّمَرْتَبَتِهٖ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ

اور ان کے مرتبہ کو بیان کرنے کے لیے کہ محمد اللہ کے رسول ہیں۔ اور جو ان کے ساتھ ہیں بہت سخت ہیں کفار پر (اور)

رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ؗ

آپس میں رحیم اور مہربان ہیں۔ دیکھو گے انہیں رکوع کرتے۔ سجدے کرتے جبکہ وہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور رضامندی کے طلبگار ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَا نُوْرَ اِلَّا ھُوَ

اے اللہ رحمت نازل فرما ہمارے آقا محمد پر اور ہمارے آقا محمد کی آل پر جو آقا ایسے نور کامل ہیں کہ نور نہیں مگر وہی

وَلَا ظُھُوْرَ اِلَّا ھُوَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

اور نہیں ظہور مگر انہیں کا۔ درود بھیجے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر اور سلام بھیجے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما اوپر

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ خَلَقَ اللّٰہُ تَعَالَی الْخَلْقَ

ہمارے سردار محمد اور ہمارے سردار محمد کی آل پر وہ آقا کہ پیدا فرمایا ہے اللہ نے

وَالْمَخْلُوْقَ مِنْ نُّوْرِہٖ وَخَلَقَ اللّٰہُ تَعَالٰی کُلَّ خَیْرٍ مِّنْ نُّوْرِہٖ وَخَلَقَ اللّٰہُ

مخلوق کو ان کے نور سے۔ اور پیدا کیا اللہ تعالےٰ نے ہر خیر کو ان کے نور سے۔ اور پیدا کیا اللہ

تَعَالَی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ مِنْ نُّوْرِہٖ وَخَلَقَ اللّٰہُ تَعَالَی الْعَرْشَ

تعالیٰ نے آسمانوں اور زمینوں کو ان کے نور سے۔ اور پیدا کیا اللہ تعالےٰ نے عرش کو

وَحَمَلَۃَ الْعَرْشِ مِنْ نُّوْرِہٖ وَخَلَقَ اللّٰہُ تَعَالَی الْکُرْسِیَّ وَخَزَانَۃَ

اور عرش کو اُٹھانے والے فرشتوں کو ان کے نور سے۔ اور پیدا کیا اللہ تعالےٰ نے کرسی کو اور کرسی

الْکُرْسِیِّ مِنْ نُّوْرِہٖ وَخَلَقَ اللّٰہُ تَعَالَی الْقَلَمَ وَاللَّوْحَ مِنْ نُّوْرِہٖ وَ

کے خزانہ کو ان کے نور سے۔ اور پیدا کیا اللہ تعالےٰ نے قلم اور لوح کو ان کے نور سے اور

خَلَقَ اللّٰہُ تَعَالَی الْجَنَّۃَ وَالْمَلٰٓئِکَۃَ مِنْ نُّوْرِہٖ وَخَلَقَ اللّٰہُ تَعَالَی الشَّمْسَ

پیدا فرمایا اللہ تعالےٰ نے جنّت اور ملائکہ کو ان کے نور سے۔ اور پیدا فرمایا اللہ تعالےٰ نے سورج

وَالْقَمَرَ وَالْکَوَاکِبَ مِنْ نُّوْرِہٖ وَخَلَقَ اللّٰہُ تَعَالَی الْعَقْلَ الْاَکْمَلَ وَالْعِلْمَ

چاند اور ستاروں کو ان کے نور سے۔ اور پیدا کیا اللہ نے کامل ترین عقل اور علم

الْکَامِلَ مِنْ نُّوْرِہٖ وَخَلَقَ اللّٰہُ تَعَالَی الْحِلْمَ وَالْعِصْمَۃَ مِنْ نُّوْرِہٖ وَخَلَقَ

کامل کو انہیں کے نور سے۔ اور پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے تحمل و بردباری اور عصمت و عفت کو آپ کے نور سے اور پیدا کیا

اللّٰہُ تَعَالَی التَّوْفِیْقَ بِخَیْرِ رَفِیْقٍ مِّنْ نُّوْرِہٖ وَخَلَقَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَرْوَاحَ الْاَنْبِیَآءِ

اللہ تعالیٰ نے توفیق کو جو بہترین رفیق ہے آپ کے نور سے۔ اور پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے ارواحِ انبیاء

وَالْمُرْسَلِیْنَ وَالْاَوْلِیَآءِ وَالشُّھَدَآءِ وَالسُّعَدَآءِ وَالْمُطِیْعِیْنَ مِنَ

و مرسلین۔ اور (ارواح) اولیاء و شہداء کو اور سعادت مند اور فرمانبردار مؤمنین

الْمُؤْمِنِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ مِنْ نُّوْرِہٖ وَخَلَقَ اللّٰہُ تَعَالٰی کُلَّ مَاسِوَی

جو قیامت تک پیدا ہونے والے ہیں (ان کی روحوں کو) آپ کے نور سے۔ اور پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے تمام ماسوٰی کو

اللّٰہِ مِنْ نُّوْرِہٖ یَا نُوْرَ خَلْقِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اَنْوِرْ ظَاھِرِیْ وَبَاطِنِیْ بِنُوْرِ

آپ کے نور سے۔ اے اللہ کی ساری مخلوق کے نور (محمد عربی) اے اللہ منور فرما میرے ظاہر اور باطن کو ساتھ نورِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٍ وَّحَقِّقْ بَاطِنِیْ وَظَاھِرِیْ بِحَقَآئِقِ حَقِیْقَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

کے اور میرے باطن و ظاہر کو برپا اور قائم فرما حقیقت محمدیہ کے حقائق کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم

وَاسْتَغْرِقْ فِیْکَ کُلِّیْ بِاِحَاطَۃِ مُخَالَطَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَاحْفَظْنِیْ

اور میرے پورے وجود کو مستغرق کردے اپنی ذات میں بمع محمدی انوار کی محیط مخالطت اور کامل اختلاط کے اور میری حفاظت فرما

بِحِفَاظَتِکَ بِحِفْظِ حَفِیْظِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ بِکَ فِیْ مَرَاتِبِ وُجُوْدِکَ

اپنے حفظ خاص کے ساتھ صدقے میں اس حفاظت کے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی محافظ ہے۔ اے اللہ میں تیرے ساتھ استعانت کرتا ہوں تیرے مراتب وجود

وَشُھُوْدِکَ حَتّٰی لَا اَشْھَدَ غَیْرَ اَفْعَالِکَ وَصِفَاتِکَ بِوَجْہِ الْحَقِّ الَّذِیْ

اور شہود میں حتّٰی کہ میں نہ دیکھوں (کوئی فعل اور صفت) سوائے تیرے افعال اور صفات کے بطفیل اس جہت حق کے

